## سوال

(588)چار آدمی مسجد کے پاس بیٹھ کرتاش کھیلتے تھے      الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

چار آدمی مسجد کے پاس بیٹھ کرتاش کھیلتے تھے ۔ ایک پرہیز کار متقی نے انہیں منع کیا۔ کہ یہاں مت کھیلوانہوں نے جواب دیا۔ تومسجد نہیں جاؤاس میں تمہارا کام نہیں مسجد کے متولی نے بھی کھلاڑیوں کی تایئد کی۔ درانحالیکہ وہ جگہ متصل مسجد ہے۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ متولی ازوارث وقف کنندہ مرحوم متولی ہے کیا یہ سب کھلاڑی اور متولی صاحب مجرم ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تاش جواوغیرہ ہر جگہ منع ہے۔ مسجد کے پاس ہویا دور کھیلنے والوں کی تایئد کرنا بھی گناہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد2ص554**

محدث فتویٰ